RIKU
RIKOSUHRIPÄIVYSTYS
VICTIM SUPPORT FINLAND

# متاثرینِ جرائم کی معاونت فن لینڈ (RIKU)

جرائم کے متاثرین، ان کے قریبی افراد اور گواہوں کی رہنمائی اور معاونت کرتا ہے۔

آن لائن | بذریعہ فون | بالمشافہ

## RIKU کے پاس انسانی اسمگلنگ یا اس سے ملتے جلتے استحصال کے متاثرین کے لیے خصوصی خدمت موجود ہے

**درج ذیل صورتوں میں ہم سے رابطہ کریں:**

- آپ کو دھوکے سے ایسے حالات میں پھنسایا گیا ہے جن سے نکلنا مشکل ہے بغیر کسی مصیبت میں پڑے
- کوئی آپ کا فائدہ اٹھا رہا ہے، مثلاً آپ کو بہت کم تنخواہ دے کر، زبردستی یا فریب سے جنسی خدمات فراہم کرنے، جرم کرنے یا اپنی مرضی کے خلاف کچھ اور کرنے پر مجبور کر کے۔
- کوئی اس بات کو قابو میں رکھتا ہے کہ آپ کیا کرتے ہیں، کہاں جاتے ہیں، کس سے بات کرتے ہیں یا اپنا پیسہ کیسے استعمال کرتے ہیں۔
- کوئی آپ پر دباؤ یا دھمکی دے کر آپ سے اپنی بات منوانے کی کوشش کرتا ہے، مثلاً کوئی ذاتی بات ظاہر کرنے، آپ کو ملک بدر کروانے، حکام کو اطلاع دینے یا آپ یا آپ کے خاندان کے افراد کو نقصان پہنچانے کی دھمکی دے کر
- کسی نے آپ سے فن لینڈ آنے کے لیے رقم لی، مثلاً نوکری یا ویزا کے لیے
- آپ روزانہ 8 گھنٹے سے زیادہ یا رات کے اوقات میں بغیر اضافی اجرت کے کام کرتے ہیں؛ آپ کو اوسطاً ہفتے میں 2 دن سے کم چھٹی ملتی ہے یا°آپ کو تنخواہ کے ساتھ بیماری یا سالانہ چھٹی نہیں دی جاتی۔
- آپ کو خدشہ ہے کہ اگر آپ شادی یا تعلق چھوڑ دیں تو کوئی آپ کو نقصان پہنچائے گا، یا آپ کو زبردستی اس تعلق میں لایا گیا تھا۔

اگر ان میں سے کوئی بات درست ہے، یا آپ کو شبہ ہے کہ آپ یا آپ کا کوئی قریبی شخص انسانی اسمگلنگ یا کسی اور طرح کے استحصال کا شکار ہے، تو براہ کرم ہم سے فون یا پیغام کے ذریعے رابطہ کریں:

**+358 40 632 9293**

یا ای میل **help@riku.fi**

**درج ذیل صورتوں میں مشورے یا مدد کے لیے، متاثرینِ جرائم کی معاونت فن لینڈ (RIKU) سے رابطہ کریں :**

- آپ کسی جرم کے متاثر ہیں یا شبہ ہے کہ آپ متاثر ہیں
- آپ نے کسی جرم کا مشاہدہ کیا ہے
- آپ کا کوئی قریبی شخص کسی جرم کا متاثر ہے

ہماری خدمات مکمل طور پر رازدارانہ ہیں۔ آپ ہم سے گم نام طور پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں، اگر آپ اب بھی یہ سوچ رہے ہوں کہ جرم کی اطلاع دینی ہے یا نہیں۔ ہم آپ کو اس کے مطلب کے بارے میں معلومات دے سکتے ہیں اور اگر آپ چاہیں تو جرم کی رپورٹ درج کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

**براہ کرم نوٹ کریں:**

- ہم آپ کی اجازت کے بغیر آپ یا آپ کے معاملے سے متعلق کوئی معلومات کسی کو نہیں دیں گے۔
- ہم سے رابطہ کرتے وقت آپ کو اپنے معاملے کی مخصوص معلومات دینے کی ضرورت نہیں ہے۔
- اگر آپ فِنّش، سویڈش یا انگریزی نہیں بولتے تو ہم ہمیشہ رازداری کے پابند اور پیشہ ور مترجم کی خدمت حاصل کرتے ہیں۔

آن لائن

**Riku.fi/trafficking** ←

**Riku.fi/labor-exploitation** ←

اگر آپ کو انسانی سمگلنگ یا اپنے کام میں استحصال کا شبہ ہو تو خفیہ مدد اور مشورے کے لیے **help@riku.fi** پر ای میل کریں۔

بذریعہ فون

**انسانی اسمگلنگ اور اس سے ملتے جلتے استحصال کے متاثرین کے لیے ہیلپ لائن**
**+358 40 632 9293**
پیر تا جمعہ دوپہر 1 بجے تا عصر 4 بجے
کال کریں یا ایک پیغام بھیجیں

بالمشافہ

جب کبھی ضرورت ہو، ہم RIKU کے کسی بھی دفتر میں آپ سے ملاقات کر سکتے ہیں۔

جب دستیاب ہو، ہم پولیس اسٹیشن یا عدالت میں آپ کے ساتھ جانے کے لیے تربیت یافتہ معاون فراہم کرتے ہیں۔

**آپ اپنی خود کی زبان میں ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔**

RIKU ایک غیر سرکاری تنظیم (NGO) ہے جس کا کسی سیاسی یا مذہبی وابستگی سے تعلق نہیں ہے۔